URDU

# لرننگ پوڈ میں شامل ہونا ہے؟

COVID-19 عالمی وباء کے ردّعمل کے طور پر، آسٹن کے آس پاس رہنے والے کچھ والدین تعلیم دینے کے لئے لرننگ ''پوڈ'' کے نام سے گروپس بنانے کے لئے متحد ہو رہے ہیں یا اس کا مطالبہ کر رہے ہیں یہ پوڈ مختلف نوعیت کے ہو سکتے ہیں، جس میں شامل ہیں لیکن ان ہی تک محدود نہیں:

- **سہولت والے پوڈ**- ایک سہولت کار، جو ایک سند یافتہ استاد ہوسکتا ہے یا نہیں بھی، وہ بچوں کی نگرانی اور مدد کرتا ہے جبکہ بچے اور وہ اپنے اسکول کی ریموٹ لرننگ والی سرگرمیوں میں مشغول رہتے ہیں۔
- **کو-آپس**- دو یا زیادہ خاندانوں کے والدین ریموٹ لرننگ کے لئے باری باری تمام بچوں کی اپنے گھروں میں میزبانی کرتے ہیں۔
- **مائیکرو-اسکول**- ایک سند یافتہ استاد ان بچوں کو پڑھاتا ہے جن کا باضابطہ طور پر کسی اسکول میں داخلہ نہ ہوا ہو اور نہ ہی وہ کسی اسکول کے ریموٹ نصاب کا استعمال کر رہے ہوں۔
- **خاندان، دوست، اور پڑوسی کی دیکھ بھال**- دن کے وقت ایک یا زیادہ خاندانوں کے اسکول جانے والے بچوں کی دیکھ بھال کے لئے ایک اہل خانہ، دوست، یا پڑوسی کی جانب سے نگہداشت کا غیر رسمی بندوبست۔
- **کمیونٹی لرننگ سپیس**- معاشرتی تنظیموں، والدین کے گروپوں، مذہبی تنظیموں، یا عوامی اداروں کی جانب سے چلایا جانے والا جو ریموٹ انسٹرکشن کے اوقات میں طلبہ کو ذاتی طور پر مدد فراہم کرتا ہے۔

بچوں کے دوبارہ سے اسکول جانے کے لئے جو COVID-19 صحت سے متعلق خدشات ہیں اسی طرح، لرننگ پوڈ کے لئے بھی صحت اور حفاظت سے متعلق تحفظات ہیں۔ پوڈس میں COVID-19 کے تمام خطرات کو کم کرنا ممکن نہیں ہے۔ کیا آپ پوڈ میں شامل ہونے کے بارے میں سوچ رہے ہیں؟ اپنی تحقیق کریں اور درج ذیل سوالات پوچھیں۔

## کیا پوڈ کے میزبان کے پاس کوئی COVID-19 صحت اور حفاظت کا منصوبہ ہے جس میں درج ذیل باتیں شامل ہوں؟

1. گھر پر علامت کی اسکریننگ *(اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ نمبر 17 ملاحظہ کریں)*
   - ☐ کیا ہر دن پوڈ میں شامل ہونے سے پہلے تمام پوڈ کے شرکاء کی COVID-19 کی علامات کے لئے اسکریننگ کی جائے گی؟
2. چہرے کے نقاب *(اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ نمبر 14-16 ملاحظہ کریں)*
   - ☐ کیا بچوں اور بڑوں کو ماسک پہننے کی ضرورت ہے؟
3. سماجی دوری *( اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ 13 ملاحظہ کریں)*
   - ☐ کیا پوڈ میں شریک افراد 6 فٹ کے فاصلے پر رہ کر جسمانی دوری پر عمل کریں گے؟
   - ☐ کیا پوڈ والی جگہ جہاں اتنی وسیع ہے کہ اس میں جسمانی دوری پر عمل کیا جاس سکے؟
4. ہاتھ کی صحت مند حفظان صحت *(اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ نمبر 12 ملاحظہ کریں)*
   - ☐ کیا میزبان کے پاس صابن، ہینڈ سینیٹائزر، اور ٹشوز کی وافر مقدار دستیاب ہے جن تک بچوں کو رسائی حاصل ہو؟
   - ☐ کیا پورا دن اہم اوقات میں بار بار ہاتھ دھونے کے لئے کوئی منصوبہ ہے؟
5. صفائی اور جراثیم کشی *(اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ نمبر 19 ملاحظہ کریں)*
   - ☐ کیا اکثر چھوئی جانے والی سطحوں، جیسے سامان اور کھلونے جنہیں سانجھا کیا جانا لازمی ہے، ان کے لئے معمول کی صفائی اور جراثیم کشی میں اضافہ ہوگا؟
   - ☐ اگر کوئی بیمار ہوجاتا ہے تو کیا میزبان صفائی اور ڈس انفیکشن سے متعلق CDC کی ہدایات کی پیروی کرے گا؟
6. کھانا اور سنیکس *(اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ نمبر 24-25 ملاحظہ کریں)*
   - ☐ کیا بچے اپنے کھانے، برتن اور ریفلیبل پانی کی بوتلیں ساتھ لائیں گے؟ اگر نہیں تو، کیا میزبان سب کو مختلف پلیٹوں میں کھانا پیش کرے گا؟
7. COVID جیسی علامت (علامات) ظاہر کرنے والے افراد کی علیحدگی (اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ نمبر 31 ملاحظہ کریں)
   - ☐ کیا COVID-19 کی علامات ظاہر کرنے والے افراد کو الگ تھلگ کرنے کے لئے کوئی جگہ مخصوص کی گئی ہے؟
   - ☐ اگر ان کے بچے میں علامات ظاہر ہو رہی ہوں تو کیا والدین کو فوری طور پر مطلع کیا جائے گا تاکہ بچے کو جلدی سے وہاں سے لے کر گھر لایا جاسکے؟ COVID-19 ٹیسٹنگ کے بارے میں یہاں معلومات حاصل کریں۔
8. **COVID-19** مثبت معاملہ*(اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ نمبر 14-16 ملاحظہ کریں*

# لرننگ پوڈ میں شامل ہونا ہے؟

- ☐ اگر پوڈ کے شرکاء میں سے کسی کو COVID-19 نکل آئے تو، کیا تمام خاندانوں کو فوری طور پر ممکنہ خطرے کے بارے میں مطلع کیا جائے گا اور قریبی رابطہ رکھنے والوں کو 14 دن تک قرنطینیہ کرنے کو کہا جائے گا؟
- ☐ اگر پوڈ کے شرکاء میں سے کسی کے اہل خانہ کو COVID-19 نکل آئے تو، کیا پوڈ کے دیگر خاندانوں کو فوری طور پر ممکنہ خطرے کے بارے میں مطلع کیا جائے گا؟
- ☐ جو لوگ COVID-19 کی وجہ سے محفوظ طریقے سے خود کو علیحدہ رکھنے سے قاصر ہیں ان کے لئے مفت رہائش کے بارے میں یہاں زیر عنوان ''علیحدگی مرکز''۔

## کیا آپ نے بھی صحت اور حفاظت کے ان اقدامات کے بارے میں سوچا ہے؟

1. **تربیت اور حفاظتی اقدامات**
   - ☐ کیا میزبان کے پاس اسکولی بچوں کے ساتھ کام کرنے کا تجربہ ہے؟
   - ☐ کیا آپ کو مثبت طرز عمل کو فروغ دینے, بچوں کی رہنمائی کرنے، اور نامناسب سلوک پر رد عمل ظاہر کرنے کے ضمن میں میزبان کے طرز عمل پتہ ہے؟
   - ☐ کیا میزبان کے پاس CPR اور فرسٹ ایڈ میں موجودہ تربیت / تصدیق ہے؟
   - ☐ کیا میزبان نے اور اس کے گھر میں 18 سال سے زیادہ عمر والے تمام بالغ افراد نے مجرمانہ پس منظر کی جانچ مکمل کروا لی ہے؟
   - ☐ کیا آپ کے پاس پوڈ میں موجود دوسرے خاندانوں کے رابطے کی معلومات ہیں؟
   - ☐ کیا میزبان چائلڈ کیئر فراہم کرنے والوں کے لئے ٹیکساس صحت اور انسانی خدمات کے کم از کم معیارات سے واقف ہے؟ کیا میزبان HHS کے کم از کم معیارات کی تعمیل کرے گا؟
2. **ماحولیاتی حفاظت**
   - ☐ کیا گھر میں اسلحہ ہے؟ اگر ہاں، تو کیا وہ بند ہیں؟
   - ☐ کیا گھر میں فعال سموک ڈٹیکٹرس (دھویں کا پتہ چلانے والے آلے) ہیں؟
   - ☐ کیا صفائی کا سامان اور کیمیکل بچوں کی پہنچ سے دور رکھے جاتے ہیں؟
   - ☐ کیا دواؤں کو بچوں کی پہنچ سے دور رکھا جاتا ہے؟
   - ☐ کیا وہاں پر کوئی سوئمنگ پول ہے؟ اگر ہاں، تو کیا اس کے ارد گرد کوئی باڑ ہے؟ بچوں کو پول کے ارد گرد محفوظ رکھنے کے لئے کون سے اقدامات کئے گئے ہیں؟
3. **پوڈ میں رہ رہے خاندان**
   - ☐ کیا آپ میزبان کو جانتے ہیں؟
   - ☐ کیا پوڈ بچوں اور بڑوں کے ایک چھوٹے، مستحکم گروپ پر مشتمل ہے؟
   - ☐ پوڈ سے باہر، COVID-19 سے بچنے کے لئے یہ خاندان کیا اقدامات کررہے ہیں؟ مثال کے طور پر، کیا وہ چہرے کو ڈھانپ رہے ہیں، جسمانی طور پر دوری کررہے ہیں، بڑے اجتماعات سے گریز کررہے ہیں، اور غیر ضروری طور پر باہر جانے سے بچ رہے ہیں؟
4. **زیادہ خطرہ والے افراد** *(اسکولوں کے لئے APH کی عبوری ہدایات کا صفحہ نمبر 10-11 ملاحظہ کریں)*
   - ☐ کیا آپ کے بچے کی صحت کی کیفیت ایسی ہے کہ اسے COVID-19 سے شدید بیماری کا زیادہ خطرہ ہے؟
   - ☐ کیا آپ کے گھر میں کسی اور کو COVID-19 سے شدید بیماری کا زیادہ خطرہ ہے؟
5. **بیرونی اوقات**
   - ☐ کیا پڑھائی، کھانا، اور کھیل وغیرہ سرگرمیاں جتنا ممکن ہوسکے باہر کی جاسکتی ہیں؟
   - ☐ کیا سایہ دار یا ڈھکی ہوئی بیرونی جگہیں دستیاب ہیں؟
   - ☐ کیا کیڑوں پر قابو پانے کے اقدامات کئے جاتے ہیں؟
   - ☐ کیا بیرونی جگہیں اچھی حالت میں رکھی جاتی ہیں اور خطرات سے محفوظ ہیں؟
6. **نقل و حمل**
   - ☐ کیا ہر خاندان اپنے بچے (بچوں) کو خود ہی چھوڑے گا اور واپس لے کر جائے گا؟

# لرننگ پوڈ میں شامل ہونا ہے؟

- ☐ اگر میزبان بچوں کے نقل و حمل کا انتظام کرے گا، تو کیا ان کے پاس اسے محفوظ طریقے سے کرنے کے لئے درکار سامان موجود ہے (کافی سیٹ بیلٹس، کار کی سیٹیں اور بوسٹر کی سیٹیں، لائسنس یافتہ ڈرائیور)؟

**7. چائلڈ کیئر کے ضوابط**

- ☐ کیا میزبان ایک لائسنس یافتہ، رجسٹرڈ، یا ٹیکساس ہیلتھ اینڈ ہیومن سروسز چائلڈ کیئر ریگولیشنز میں درج چائلڈ کیئر فراہم کنندہ ہے؟